رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **متوسط سال اول** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: نیت والی حدیث حضرت ۔۔۔ سے مروی ہے۔

(الف) ابوبکر صدیق (ب) عمر فاروق (ج) عثمان غنی (د) مولا علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 2: "هَاجَرَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔"

(الف) کاٹا (ب) پیا (ج) ہجرت کی (د) ادا کیا

سوال نمبر 3: اعمال کا ثواب ۔۔۔ ہے۔

(الف) نیت پر (ب) زیادہ (ج) کم (د) بدلے پر

سوال نمبر 4: عبادت کی ۔۔۔ قسمیں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 5: کلمہ طیبہ کی گواہی دینے سے مراد تمام اسلامی ۔۔۔ قبول کر لینا ہے۔

(الف) افعال (ب) احکام (ج) رسومات (د) عقائد

سوال نمبر 6: حدیث میں مومن سے مراد مومن ۔۔۔ ہے۔

(الف) صالح (ب) کامل (ج) عابد (د) صائم

سوال نمبر 7: حدیث میں محبوب سے مراد ۔۔۔ ہے۔

(الف) طبعی محبوب (ب) عقلی محبوب (ج) اُلفتی محبوب (د) تینوں میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: حدیث کے مطابق: آخری زمانے میں جھوٹے ۔۔۔ ہوں گے۔

(الف) لوگ (ب) مالدار (ج) دجال (د) غرباء

سوال نمبر 9: "دجل" کا معنی ۔۔۔ ہے۔

(الف) حسد (ب) کینہ (ج) دھوکہ (د) گمراہ

سوال نمبر 10: "وَقَّرَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔ کی۔"

(الف) اعانت (ب) شرکت (ج) تقسیم (د) تعظیم

سوال نمبر 11: "اَعَانَ" کا معنی ہے "اس نے ۔۔۔ کی۔"

(الف) مدد (ب) شرکت (ج) تقسیم (د) تعظیم

سوال نمبر 12: حدیث میں صاحب بدعت سے مراد ۔۔۔ ہے۔

(الف) فاجر (ب) فاسق (ج) بے دین (د) بے عمل

سوال نمبر 13: تقدیر الٰہی کو جھٹلانے والے اس امت کے ۔۔۔ ہیں۔

(الف) یہودی (ب) مجوسی (ج) عیسائی (د) مشرک

سوال نمبر14: "تَمَسَّکَ" کا معنی۔۔۔ ہے۔

(الف) غور سے دیکھنا (ب) مضبوطی سے چلنا (ج) آہستہ چلنا (د) مضبوطی سے تھامنا

سوال نمبر15: فسادِ امت کے وقت سنت پر عمل کرنے سے۔۔۔ شہیدوں کا ثواب ملتا ہے۔

(الف) 90 (ب) 95 (ج) 100 (د) 105

سوال نمبر16: بدعت کا لغوی معنی۔۔۔ چیز ہے۔

(الف) نئی (ب) پرانی (ج) بڑی (د) چھوٹی

سوال نمبر17: اصول شرع کے اعتبار سے بدعت کی۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر18: بدعت کی مطلقاً۔۔۔ اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر19: قرآن پاک پر اعراب۔۔۔ نے لگوائے۔

(الف) حضرت عمر فاروق (ب) حضرت عثمان غنی (ج) حجاج بن یوسف (د) زید بن ثابت

سوال نمبر20: قرآن پاک پر اعراب سن۔۔۔ ہجری میں لگوائے گئے۔

(الف) 93 (ب) 94 (ج) 95 (د) 96

سوال نمبر21: بخار سر سے پاؤں تک ہر۔۔۔ میں اثر کرتا ہے۔

(الف) پٹھے (ب) خلیے (ج) رطوبت (د) رگ

سوال نمبر22: درجات۔۔۔ سے ملتے ہیں۔

(الف) احکام (ب) اعمال (ج) مجالس (د) دولت

سوال نمبر23: فیضان چہل احادیث میں۔۔۔ احادیث ہیں۔

(الف) 30 (ب) 35 (ج) 40 (د) 45

سوال نمبر24: ولید مروانی کے دور میں محراب حضرت۔۔۔ نے ایجاد کی۔

(الف) حضرت عمر فاروق (ب) حضرت عمر بن عبدالعزیز (ج) حضرت خالد بن ولید (د) حضرت عثمان غنی

سوال نمبر25: شریعت و طریقت کے۔۔۔ سلسلے ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5